| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 7 پہلا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: ناظرہ قرآن مجید (سورۃ الاخلاص) |

**حاصلاتِ تعلّم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- قرآن مجید کی آخری سورتوں کی تلاوت کر سکیں۔
- سورۃ الاخلاص درست تلفّظ سے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سورۃ الاخلاص کا نام تحریر کریں۔ طلبہ کو سورۃ الاخلاص کا مختصر اً تعارف کروائیں کہ یہ قرآن مجید کے تیسویں پارے میں ہے۔ طلبہ کو اخلاص کا مطلب بتائیں ۔ اخلاص کا مطلب خلوص کے ہیں اور اس سورت میں خالص اللہ تعالیٰ کی صفات کا ذکر ہے یعنی اللہ ایک ہے وہ بے نیاز ہے۔ زمین و آسمان میں کوئی بھی اس کی برابری نہیں کر سکتا (وہ اپنی صفات میں یکتا ہے) اور ہر چیز پر قادر ہے۔

**طریقہ تدریس:** 20 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ قرآن مجید اللہ تعالیٰ کا کلام ہے۔ انھیں قرآن مجید کی تلاوت کے آداب کی دہرائی کروائیں۔
- انھیں بتائیں کہ قرآن مجید کی تلاوت سے پہلے وضو کرنا چاہیے اور تلاوت شروع کرنے سے پہلے تعوذ اور تسمیہ پڑھنی چاہیے۔ انھیں بتائیں کہ قرآن مجید کو ادب سے ٹھہر ٹھہر کر پڑھنا چاہیے۔
- طلبہ کو سورۃ الاخلاص کے بارے میں بتائیں کہ اسے سورۃ التوحید بھی کہتے ہیں۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر 8 کھولنے کی ہدایت دیں اور بتائیں کہ آج ہم سورۃ الاخلاص کی پہلی آیت کی تلاوت کریں گے۔
- طلبہ کو آیت کا نشان دکھائیں (O) اور بتائیں کہ جس جملے کے بعد یہ نشان ہو گا وہ ایک آیت کہلائے گی۔

- سورۃ الاخلاص کی پہلی آیت کا ہر لفظ پہلے خود پڑھیں پھر بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ آپ کے ساتھ پڑھیں۔ ہر لفظ کی ادائی پر زور دیں۔ اور ٹھہر ٹھہر کر لفظ ادا کریں۔
- طلبہ کو ہدایت دیں کہ حروف کی حرکات پر خاص توجہ دیں اگر حرکات کی درست ادائی کا خیال نہ رکھا جائے تو لفظ بدل جاتا ہے اور گناہ ہوتا ہے۔
- سورۃ الاخلاص کی پہلی آیت کی پڑھائی تین سے پانچ بار کروائیں۔

**اعادہ:** **3منٹ**

سورۃ الاخلاص کی پہلی آیت کی دہرائی کروائیں۔

**جائزہ:** **10منٹ**

طلبہ کو سورۃ الاخلاص کا مفہوم سمجھانے کے لیے اُن سے مزید سوالات کریں جیسے:

- اللہ تعالیٰ کون ہے؟
- کیا اللہ تعالیٰ بے نیاز ہے؟
- زمین اور آسمان کی ہر چیز کس کی تسبیح بیان کرتی ہے؟
- اس کائنات کا پورا انتظام سنبھالنے والی ذات کون ہے؟

**گھر کا کام:** **2منٹ**

سورۃ الاخلاص کی پہلی آیت دہرائیں۔

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ ﴿١﴾

| پہلی سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 7 دُوسرا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| باب اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: ناظرہ قرآن مجید (سورۃ الاخلاص) |
|---|---|

## حاصلاتِ تعلّم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- قرآن مجید کی آخری سورتوں کی تلاوت کر سکیں۔
- سورۃ الاخلاص درست تلفّظ سے پڑھ سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سورۃ الاخلاص کا نام تحریر کریں۔ طلبہ کو سورۃ الاخلاص کا شانِ نزول بتائیں کہ جب مشرکین نے حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ سے کہا کہ اپنے رب کا نسب بتائیں تو اللہ تعالیٰ نے یہ سورت نازل فرمائی۔ یعنی جس کے بارے میں تم سوال کر رہے ہو وہ اللہ ہے جو اپنی صفات میں یکتا ہے اور کوئی اس کی برابری نہیں کر سکتا۔

## طریقہ تدریس: 20 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر 8 کھولنے کی ہدایت دیں اور انھیں تاکید کریں کہ قرآن مجید کی تلاوت سے پہلے باادب ہو کر بیٹھیں۔
- طلبہ سے سورۃ الاخلاص کی آیت نمبر 1 کی تلاوت درست تلفّظ سے سنیں۔ جن بچوں کو پڑھنے میں دِقّت محسوس ہو رہی ہو۔ انھیں دوبارہ تین سے پانچ بار پڑھائی کی مشق کروائیں۔
- سورۃ الاخلاص کی دوسری اور تیسری آیت (اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ) کی تلاوت کریں۔ ہر لفظ کو مکمل تجوید اور درست تلفّظ کے ساتھ ٹھہر ٹھہر کر ادا کریں۔ طلبہ کو ہدایت دیں کہ وہ سبق کو توجّہ سے سنیں اور آپ کے ساتھ پڑھنے کی کوشش کریں۔

- اس کے بعد پہلے آیت نمبر 2 کے ہر لفظ کی ادائی کروائیں۔ اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ طلبہ حرکات اور مخارج کے ساتھ ہر لفظ کو ادا کریں۔
- طلبہ کو آیت نمبر 2 کی تین سے پانچ بار مشق کروائیں۔
- آیت نمبر 2 کے بعد آیت نمبر 3 کی درست تلفّظ کے ساتھ ادائی کروائیں۔
- ہر بچے کے تلفّظ اور ادائی پر خاص توجہ دیں۔
- طلبہ کو آیت نمبر 3 کی تین سے پانچ بار مشق کروائیں۔

**اعادہ:**

N/A

**جائزہ:** **8منٹ**

طلبہ کو ہدایت دیں کہ کتاب صفحہ نمبر 8 پر سورۃ الاخلاص کی پہلی 3 آیات کی تلاوت کریں کمزور طلبہ پر خصوصی توجہ دیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

سورۃ الاخلاص کی پہلی تین آیات گھر میں والدین یا کسی بڑے کو سنائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

طلبہ کے تین گروپس بنائیں اور ہر گروپ سے سورۃ الاخلاص کی پہلی، دوسری اور تیسری آیت کی تلاوت سنیں۔ بہترین تلاوت کرنے والے طلبہ کے گروپ کی حوصلہ افزائی کریں۔

| پہلی سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 7 تیسرا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| باب اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی ﷺ | سبق کا نام: ناظرہ قرآن مجید (سورۃ الاخلاص) |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلّم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- قرآن مجید کی آخری سورتوں کی تلاوت کر سکیں۔
- سورۃ الاخلاص درست تلفظ سے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔

**سبق کا تعارف:** **5 منٹ**

تختہ تحریر پر سورۃ الاخلاص کا نام خوش خط لکھیں سبق میں طلبہ کی آمادگی کے لیے ان سے سوالات پوچھیں۔

(الف) سورۃ الاخلاص کس پارے میں ہے؟

(ب) سورۃ الاخلاص کے شانِ نزول کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

(ج) سورۃ الاخلاص کی کتنی آیات ہیں؟

**طریقہ تدریس:** **20 منٹ**

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں **بسم اللہ الرحمن الرحیم** ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر 8 کھولنے کی ہدایت دیں اور انھیں تاکید کریں کہ قرآن مجید کی تلاوت سے پہلے باادب ہو کر بیٹھیں۔
- طلبہ سے سورۃ الاخلاص کی پہلی تین آیتوں کی تلاوت درست تلفّظ سے سنیں۔ جن بچوں کو پڑھنے میں دقّت محسوس ہو رہی ہو انھیں دوبارہ پڑھائیں۔
- استاد صاحب سورۃ الاخلاص کی چوتھی آیت ( وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝ ) کی تلاوت کریں۔ ہر لفظ کو مکمل تجوید اور درست تلفّظ کے ساتھ ٹھہر ٹھہر کر ادا کریں۔ طلبہ کو ہدایت دیں کہ وہ سبق کو توجہ سے سنیں۔

- اس کے بعد طلبہ سے آیت نمبر 4 کے ہر لفظ کی ادائی کروائیں۔ اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ طلبہ حرکات اور مخارج کے ساتھ ہر لفظ کو ادا کریں۔
- طلبہ کو آیت نمبر 4 کی تین سے پانچ بار مشق کروائیں۔

| | |
|---|---|
| **اعادہ:** | **0منٹ** |

N/A

| | |
|---|---|
| **جائزہ:** | **8منٹ** |

طلبہ کو ہدایت دیں کہ کتاب کے صفحہ نمبر 8 سے سورۃ الاخلاص کی تلاوت کریں کمزور طلبہ پر خصوصی توجہ دیں۔

| | |
|---|---|
| **گھر کا کام:** | **2منٹ** |

سورۃ الاخلاص گھر میں والدین یا کسی بڑے کو سنائیں۔

| | |
|---|---|
| **سرگرمی برائے طلبہ:** | **5منٹ** |

طلبہ سورۃ الاخلاص سے متعلق معلومات لکھیں۔

# سورۃ الاخلاص

اخلاص کے معنی: ____________________

آیات کی تعداد: ____________________

پارہ نمبر: ____________________